Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

ضمیمہ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۵ رجب المرجب سنہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۵ اکتوبر سنہ ۱۹۳۵ء (جلد ۱۸)

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری رخصت کپتان صاحبزادہ سید اصغر علیخاں صاحب (فرسٹ رامپور رضا انفنٹری)	۲
۲	منظوری نفاذ قانون کمیٹی واضع قوانین	،،
۳	انتظام بسلسلہ روانگی اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم (بمقام نینی تال)	،،
۴	منظوری انتظام بسلسلہ رخصت صاحب چیف مجسٹریٹ بہادر	۳و۲
۵	منظوری انتظام بسلسلہ رئیس صاحب ریونیو و فنانس منسٹر بہادر	،،

احکام اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	منظوری رخصت سید اختر حسین صاحب قائم مقام تحصیلدار ملک ۔	۴

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم

(مسوری)　واقعہ ۲۰ ستمبر ۱۹۳۵ء

گزینہ عرضداشت صاحب آرمی منسٹر بہادر

باستدعائے منظوری رخصت پندرہ یوم مع

تنخواہ معلومہ کپتان صاحبزادہ سید اصغر علیخاں

بہادر کمپنی کمانڈر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری

از ۲۳ ستمبر لغایت ۷ اکتوبر ۱۹۳۵ء بوجہ علالت

اہلیہ خود۔

حکم

بموجب رپورٹ کپتان صاحبزادہ سید اصغر علیخاں بہادر کمپنی کمانڈر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کی رخصت پندرہ یوم از ۲۳ ستمبر تا ۷ اکتوبر ۱۹۳۵ء مع تنخواہ منظور ہوئی سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور آرمی آرڈر جاری کیا جائے

دستخط بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار

واقعہ ۲ اکتوبر ۱۹۳۵ء

دستخط بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

صاحب چیف منسٹر بہادر کی عرضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی۔ تاریخ

حکم نفاذ قانون کمیٹی واضع قوانین کی منظوری دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع عرضداشت برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

۔۔۔۔۔۔

حسب منشاء حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ ۴ اکتوبر ۱۹۳۵ء　دستخط صاحب چیف منسٹر

روبکار

واقعہ ۲ اکتوبر ۱۹۳۵ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بدولت واقبال آج شب میں بغرض تفریح نینی تال ہوں گے اور ۱۰ اکتوبر کو مراجعت ہوگی۔ ہماری غیرموجودگی میں حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

(۱) اجلاس ہمایوں کے کاغذات پر صاحب ہوم منسٹر بہادر کو اختیار دیا جاتا ہے کہ بائی آرڈر لکھکر اپنے دستخط سے جاری کریں

(۲) صاحب چیف منسٹر بہادر وصاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر ہمارے ہمرکاب جائیں گے۔ ان کے دفاتر کے کاغذات پر بھی صاحب ہوم منسٹر بہادر دستخط کرینگے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

روبکار

واقعہ ۴ اکتوبر ۱۹۳۵ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ حسب استدعائے صاحب چیف منسٹر بہادر زمانہ رخصت صاحب چیف مجسٹریٹ میر غنی یاسین علی خاں اسپیشل مجسٹریٹ کو صاحب چیف مجسٹریٹ کا کام اور مولوی نظیر الدین منصف مجسٹریٹ کو اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کے مقدمات منتقلہ اور اپنی خدمات متعلقہ کے علاوہ اسی زمانہ میں بحیثیت مجسٹریٹ درجہ اول سکے دوسرے مقدمات کی سماعت بتجویز کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہو۔

حسب سفارش صاحب چیف جسٹس بہادر ہائیکورٹ صاحب چیف مجسٹریٹ کی تین ہفتہ کی رخصت رعایتی ۱۴ اکتوبر ۱۹۲۵ء سے بموجب اتفاق صدر اکاونٹ آفس منظور کیجاتی ہے۔ انتظام کار کی منظوری کا حکم پیشگاہ معلی سے شرف نفاذ پاچکا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ حکم ہمایوں مرقومہ ۲ اکتوبر ۱۹۲۵ء اور حکم ہذا کی ایک ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ حکم ہذا کی ایک نقل سررشتہ صدر سے اسٹیٹ کونسل میں پیش کیجائے۔ ۲ اکتوبر ۱۹۲۵ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار

مورخہ ۲ اکتوبر ۱۹۲۵ء

دستخط بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

عرضداشت منسلکہ ملاحظہ ہوئی۔ صاحب ریونیو و فائننس منسٹر بہادر نے ۳ ستمبر ۱۹۲۵ء کو ایک حکم بابت انتظام کار روانگی نینی تال جاری کیا ہے جسکی منظوری ضابطہ اجلاس ہمایوں سے حاصل نہیں۔ صاحب چیف منسٹر بہادر نے تنسیخ حکم مذکور بالا منظوری ریسیس و انتظام کار کی استدعا کی ہے۔ لہذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں:۔

(۱) صاحب ریونیو و فائننس منسٹر بہادر کو ۲۴ ستمبر سے پندرہ یوم کی ریسیس سے استفادہ کی اجازت دیجاتی ہے۔ حکم ۳ ستمبر ۱۹۲۵ء منسوخ کیا جاتا ہے۔

(۲) زمانۂ ریسیس میں صاحب ریونیو سکریٹری بہادر ریونیو کے اور صاحب فائنانس سکریٹری بہادر فائنانس ڈپارٹمنٹ کے انچارج رہیں گے۔ اہم کاغذات صاحب ریونیو و فائننس منسٹر بہادر کے پاس نینی تال بھیجے جائینگے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع عرضداشت برائے کارروائی اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہو۔

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۳ اکتوبر ۱۹۲۵ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

حکم واقع ۲۵/۲۸ ستمبر ۱۹۳۵ء

حسب تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر سید اختر حسین صاحب قائم مقام تحصیلدار ملک کی دو ماہ کی رخصت رعایتی بموجب استحقاق مصدقہ فنانس ڈپارٹمنٹ یکم اکتوبر ۱۹۳۵ء سے منظور کیجاتی ہے۔ زمانۂ رخصت میں منشی تجمل حسین خاں نائب تحصیلدار حضور تحصیل رخصتی کے کام کے ذمہ دار رہیں گے۔ تحصیلدار صاحب ملک کو ایام رخصت کی تنخواہ اور الاؤنس گورنمنٹ سے ملیگی۔ اور ان ایام کا چندہ پنشن و رخصت وغیرہ بھی ریاست سے نہیں دیا جائے گا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل حکم مع کاغذات بعد اجرائے احکام اسٹیٹ کونسل میں پیش ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر